# Islamiat (Urdu Medium) - 11th Class Islamiat Full Book Short Questions Preparation

Q1. صحاح ستہ میں سےصرف دو کتابوں کا تعارف لکھئے.

**Ans 1:** 1.صیحح بخاری احادیث کی پہلے نمبر پر سب سے زیادہ مشہور کتاب ہے جس کے مولف امام ابو عبداللہ محمد ابن اسماعیل بخاری ہیں. 2.احادیث کی کتابوب میں صیحح مسلم دوسرے نمبر پر زیادہ مشہور کتاب ہے.

Q2. رحمت العالمین سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** ترجمہ: "ہم نے آپ(ص) کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے". قرآن کریم کے ارشاد کے مطابق آپ(ص) تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجے گئے ہیں،آپ(ص) کی پاکیزگی مکی اور مدنی زندگی اس بات کی گواہ ہے کہ آپ(ص) اپنوں،غیروں ،مسلمانوں ،غیر مسلمانوں بچوں،بوڑھوں ملازموں ہر ایک کے لیے رحمت بن کر تشریف لائے.

Q3. قرآن کریم کے چار نام تحریر کریں.

**Ans 1:** 1.الکتاب 2.الفرقان 3.نور 4.شفاء

Q4. صبر سے متعلق سیرت نبی(ص) کی ایک مثال دیں

**Ans 1:** ایک دن حضرت محمد(ص) خانہ کعبہ کے نزدیک نماز پڑھ رہے تھے.حرم شریف میں اس وقت کفار کی ایک جماعت موجود تھی عقبہ بن ابی معیط نے ابو جہل کے اکسانے پر اونٹ کی اوجڑی سجدہ کی حالت میں آپ(ص) کی پشت مبارک پر ڈال دی اور مشرکین زور زور سے قہقے لگانے لگے،کسی نے آپ(ص) کی صاحبزادی کو اس واقعہ کی اطلاع دی وہ فورا دوڑتی آئیں اور غلاظت آپ(ص) کی پشت سے سے صاف کی اور کافروں کو بد دعا دی،جس پر آپ(ص) نے فرمایا بیٹی صبر سے کام لو.اللہ انہیں ہدایت دے یہ نہیں جانتے کہ ان کی بہتری کس چیز میں ہے.

Q5. دہشت گردی کے دو اسباب تحریر کریں.

**Ans 1:** 1.اگر آپ کی کسی ملک کے ساتھ دشمنی ہے،تو وہ اپنے ملک سے جاسوس بیھج کر دہشت گردی کرواسکتا ہے. 2.اگر کسی ملک میں باہمی مذہبی منافرت اور دشمنی ہے تو باہمی رنجش بھی اس کا باعث بن سکتی ہے ہر ملک کے اندر حالات چونکہ مختلف ہوتے ہیں اس لیے اس ملک کے معاملات کے حساب سے گروہی اختلاف جب انتہا کو پہنچ جائیں تو پھربھی دہشت گردی ہو سکتی ہے.

Q6. سورۃ النساءمیں نیک بیویوں کی کیا صفات بیان کی گئی ہیں؟

**Ans 1:** سورۃ النساء میں نیک بیویوں کی درج ذیل صفات بیان کی گئی ہیں. 1.وہ نیک عورتیں ہیں 2.وہ عبادت گزار ہیں 3.خاوند کی غیر موجودگی میں نگہبانی کرتی ہیں

Q7. دو اخلاق رذیلہ لکھئے.

**Ans 1:** جس طرح اخلاق حسنہ کی ایک طویل فہرست ہے جن کو اپنا آدنی دنیا اور آخرت میں سرخرو ہو سکتا ہے اسی طرح کچھ ایسے اخلاق رذیلہ ہیں جن کو اختیار کرنے کے بعد انسانی حیوانی درجے میں جا گرتا ہے اور اخرت میں اللہ کی رحمت سے محروم ہو جاتا ،چند ایک رذائل اخلاق درج ذیل ہیں 1.جھوٹ 2.غیبت 3.منفقت 4.تکبر

Q8. دہشت گردی ختم کرنے کے لیے تعلیمی ادارت کیا کردار کرسکتے ہیں.

**Ans 1:** دہشت گردی کا ناسور گا ہے،ہمارے ملک کو کونے کونے میں پھیل رہا ہے کو ملکی معیثت اور سالیمت کے لیے زیر قاتل کی حیثیت رکھتا ہے. تعلیمی ادارہ کسی بھی ملک کا بڑا موثر فیکٹڑ ہوتا ہے،جس سے ہر شخص کا کسی نہ کسی طرح تعلق ہوتا ہے،ایسے اداروں میں موثر آگاہی سنڑ یا سیمینار منعقد کیے جائیں جس میں سینئر طالب علموں اور ان کے والدین کو چھٹی والے دن دعوات دی جائے،جس میں دہشت گردی کے منفی اثرات اور اس سے بچاؤ کے طریقے سادہ اور قابل فہم انداز میں بیان کیے جائیں اور جہاں یہ حادثہ ہو جائے اس میں ممکنہ حفاظتی اقدامات جس سے نقصانات کم سے کم ہو سکیں.ان پر سیر حاصل لیکچرز دیے جائیں.

---

Q9. دو غلام صحابہ اکرام(رض) کے نام تحریر کریں.

**Ans 1:** 1.حضرت زیب بن ثابت(رض) 2.حضرت سلمان بن فارسی(رض)

---

Q10. ماں کی عظمت کے بارے میں فرمان رسول(ص) کا ترجمہ لکھیں.

**Ans 1:** ترجمہ:جنت ماں کے قدموں تلے ہے

---

Q11. اسلام کی حقیقی گواہی کن دو چیزوں پر مشتمل ہے؟

**Ans 1:** اسلام کی حقیقی گواہی اللہ تعالی کی وحدانیت اور حضور اکرم(ص)کے آخری بنی ہونے کے اقرار پر مشتمل ہے.

---

Q12. توحید کا مفہوم کیا ہے؟

**Ans 1:** اسلامی عقائد میں سب سے پہلا عقیدہ توحید کا ہے.توحید کے لغوی معنی ہیں ایک ماننا،یکتا جاننا ،دین کی اصطاح میں اس سے مراد یہ ہے کہ سب سے برتر اعلی اور ساری کائنات کی خالق و مالک ہستی کے واحد یکتا ہونے پر ایمان لانا اور صرف اس کو عبادت کے لائق سمجھنا ہے.

---

Q13. اسلام کے قبل عورتوں کی کیا حالت تھی؟

**Ans 1:** اسلام سےقبل معاشرے میں عورتوں کی کوئی اہمیت نہ تھی،وہ ظلم و ستم کا شکار تھیں،حضرت محمد(ص) نے انہیں عزت و احترام بخشا اور ان کے حقوق و فرائض کا تعین کیا اور ان کو ماں بیٹی اور بیوی تینوں حیثیتوں سے عزت عطا کی.

---

Q14. فقیر اور مسکین میں کیا فرق ہے؟

**Ans 1:** فقیر اور مسکین میں فرق یہ ہے کہ فقیر اگرچہ ایک غریب انسان ہی ہوتا ہے لیکن گھر گھر مانگنے کے لیے نکلتا ہے اور اپنا گذر اوقات ساری زندگی ایسے ہی گذار دیتا ہے.جبکہ مسکین ایک سفیدپوش ،مستحق اور غریب انسان ہوتا ہے جو کسی کےآگے ہاتھ نہیں پھیلاتا لیکن کوئی شخص اس کی خدمت مدارت کرلے تو دعا دے کر قبول کر لیتا ہے.

---

Q15. جہاد اکبر کی کونسی اقسام ہیں؟

**Ans 1:** 1.خواہش نفس کے خلاف جہاد 2.جہاد بالسیف 3.خواہش نفس کے خلاف جہاد

---

Q16. بیوی کےحقوق پر مختصر نوٹ لکھیں.

**Ans 1:** اسلام نے مردوں کو تلقین کی ہے کہ وہ بیویوں کے ساتھ اچھا سلوک کریں.نبی کریم (ص) نے بیوی کے ساتھ حسن سلوک کو خیر اوراچھائی کا معیار بتایا ہے ارشاد ہوا: ترجمہ: تم سب میں بہتر وہ شخص ہے جو اپنی بیوی کے ساتھ اچھا ہے.ایک مرتبہ ایک صحابی نے نبی کریم(ص) دے دریافت کیا یا رسول(ص) بیوی کا اپنے شوہر

"پر کیا حق ہے؟آپ(ص) نے فرمایا " جو خود کھلاؤ اسے کھلاؤ،جیسا خود پہنو اسے پہناؤ.نہ اس کے منہ پر تھپڑ مارے نہ اسے برا بھلا کہے."

Q17. حسد کا کیا مفہوم ہے؟

**Ans 1:** حسد کے لغوی معنی جلنا،کڑھنا کے ہیں،اصطلاح میں حسد سے مراد کسی دوسرے شخص کے فضل و کمالات اور اس کو میسر نعمتوں کو دیکھ کر رنجیدہ ہونا اور دشمنی کی وجہ سے یہ خواہش رکھنا کہ کسی طرح یہ نعمتیں ان سے چھن جائیں.

Q18. استطاعت کے جج نہ جانے پر رسول(ص) نے کیا ارشاد فرمایا؟

**Ans 1:** آپ(ص) نے فرمایا کو آدمی استطاعت رکھتا ہو اور حج نہ کرے تو وہ کبیرہ گناہ کا مرتکب ہوتا ہے اللہ اس سے ناراض ہوتا ہے.

Q19. اولاد کے حقوق تحریر کریں.

**Ans 1:** اولاد کے دو حقوق یہ ہیں 1.دین و دنیا کی تعلیم دینا 2.بنیادی ضروریات کی فراہمی

Q20. زکٰوۃ کن لوگوں کو نہیں دی جا سکتی ؟

**Ans 1:** وہ عزیز و اقارب جن کی کفالت شرعا فرض ہے مثلا ماں ،بیٹی ،شوہر،بیوی وغیرہ انہیں زکوۃ نہیں دی جا سکتی.